**05.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... اسلم بیگ

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پتن کے درمیان نئی دلّی میں بات چیت جاری ہے۔ انھوں نے کہا کہ دنیا، تشویش سے آزاد ہوجائے گی اور عالمی برادری کیلئے صحیح سمت میں ایک نئی امید اُبھرے گی۔

☆ حکومت نے اُن متولیوں کو، جرمانہ عائد کرنے میں تین مہینے کی راحت دے دی ہے، جنھوں نے امید پورٹل پر وقف اِملاک کا اندراج کرا دیا ہے۔

☆ بھارتیہ ریزرو بینک نے پالیسی ریپو ریٹ میں اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کرکے اِسے پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد کردیا ہے۔ اُس نے مالی سال 2025-26 کیلئے GDP شرح ترقی کے اندازے میں بھی اضافہ کیا ہے۔ ابھی تک یہ چھ اعشاریہ آٹھ فیصد تھی جبکہ اِسے سات اعشاریہ تین فیصد کردیا گیا ہے۔

☆ FIH ہاکی کے مردوں کے جونیئر عالمی کپ 2025میں آج چینئی میں کوارٹر فائنل میں بھارت کا مقابلہ بیلجیئم سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Day Russian Prez Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پتن کے درمیان نئی دلّی میں بات چیت جاری ہے۔

دونوں رہنما دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور باہمی مفاد کے علاقائی اور عالمی معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔امید ہے کہ بات چیت کے بعد بہت سے معاہدوں پر دستخط کئے جائیں گے، جن میں تجارت، معیشت، حفظانِ صحت، تعلیم، ثقافت اور میڈیا شامل ہیں۔

روس کے صدر کو آج صبح راشٹرپتی بھون میں باقاعدہ استقبالیہ دیا گیا۔ مہمان شخصیت نے راج گھاٹ پر گُل دائرہ نذر کرکے مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

شام کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، روسی صدر کو استقبالیہ دیں گی اور اُن کے اعزاز میں ایک ضیافت کا اہتمام کریں گی۔ صدر پُتن، بھارت–روس 23ویں سالانہ سربراہ میٹنگ کیلئے، کل شام بھارت کے سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچے تھے۔

ایک رپورٹ

VC Suparna

وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر پُتن کے درمیان گرمجوشی نمایاں ہے۔ جناب مودی نے صدر پُتن کا ہوائی اڈّے پر خیر مقدم کیا۔ روس نے اِس اچانک خیر مقدم کو سراہا ہے اور اِسے گرمجوشی پر مبنی قرار دیا ہے، جس کی پہلے سے کوئی امید نہیں کی گئی تھی۔ دونوں رہنما ایک ہی کار میں بیٹھ کر عشائیے کیلئے وزیر اعظم کی سرکاری رہائش گاہ گئے۔ بھارت اور روس کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی رشتے ہیں۔ مختلف مصنّفین، فلسفیوں، دانشوروں اور آرٹسٹوں نے ایک دوسرے کے آرٹ، ثقافت اور سماج پر اپنا اثر چھوڑا ہے۔ بھارتی سینما بھی سوویت میں خاص طور پر مقبول رہا ہے۔
سپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالواحد

## Prez Handicarafts Awards

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو اِس ماہ کی 9 تاریخ کو نئی دلّی میں ممتاز ماسٹر دستکاروں کو سال 2023-24 کیلئے دستکاری کے ایوارڈز سے سرفراز کریں گی۔ ٹیکسٹائل کے وزیر گری راج سنگھ اور ٹیکسٹائل کی وزیر مملکت Pabitra Margherita بھی اِس تقریب میں موجود رہیں گی۔
ٹیکسٹائل کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ ایوارڈ ملک کی مالامال اور گوناگوں دستکاری کی وزارت کو فروغ دینے اور اُسے تحفظ فراہم کرنے کے حکومت کے عزم کا اعادہ کرتا ہے اور اُن کی نایاب فنی مہارت کو تسلیم کرتا ہے۔ یہ دستکاری کے قومی ہفتے کی تقریبات کا ایک حصہ ہے۔ دستکاری کا قومی ہفتہ بھارتی دستکاروں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے طور پر 8 دسمبر سے ہر سال منایا جاتا ہے اور یہ اِس لئے بھی منایا جاتا ہے تا کہ دستکاری کی ثقافتی اہمیت کو جاری و ساری رکھا جاسکے۔x

## Rijiju Waqf Properties

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے سبھی متولیوں کو یقین دلایا ہے کہ وزارت اُن لوگوں پر اگلے تین مہینے تک کوئی جرمانہ عائد نہیں کرے گی اور نہ ہی کوئی سخت کارروائی کرے گی جنھوں نے امید پورٹل پر اپنا اندراج کرا لیا ہے۔

S/B 1400 SI Kiren Rijiju Waqf

وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ وقف قانون بنانے کے بعد وزارت نے امید پورٹل کا آغاز کیا ہے اور متعلقہ پارٹیوں کو 6 مہینے کا وقت دیا ہے کہ وہ سبھی وقف اِملاک کو اس پورٹل پر رجسٹرڈ کرادیں۔ انھوں نے کہا کہ امید پورٹل پر ابھی تک ایک لاکھ 15 ہزار سے زیادہ وقف اِملاک کا اِندراج کرایا جاچکا ہے۔ نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب رجیجو نے کہا کہ آج آخری دن ہے اور لاکھوں اِملاک ایسی ہیں جنھیں ابھی تک رجسٹرڈ نہیں کرایا گیا ہے۔x

**RS Chuuhan MSP**

حکومت نے آج کہا ہے کہ کسانوں کی فلاح و بہبود، حکومت کی اعلیٰ ترجیحات میں شامل ہے۔ آج راجیہ سبھا میں وقفۂ سوال ک دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے زراعت اور کسانوں کے بہبود کے وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے آج کہا ہے کہ زراعت، بھارتی معیشت کی ریڑھ کی ہڈّی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے پیداوار بڑھانے، لاگت کم کرنے اور پیداوار کیلئے مناسب قیمتوں کو یقینی بنانے کے تینوں ٹاسک کو حاصل کرلیا ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ UPA حکومت نے سوامی ناتھن کمیٹی کی سفارشات کو قبول نہیں کیا تھا لیکن NDA حکومت نے فیصلہ کیا کہ لاگت کیلئے 50فیصد منافع کے مارجن میں اضافہ کرکے کم از کم امدادی قیمت MSP طے کی جائے گی۔

**S/B: Shivraj Singh Chouhan**

**RS Vaishnaw Rail**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ ملک میں، ٹرین حادثات میں 90فیصد کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2004سے 2014کے درمیان تقریباً ٹرین کے 171حادثات پیش آئے، جو حکومت کی طرف سے کیے گئے اقدامات کی وجہ سے کافی حد تک کم ہوئے ہیں۔ راجیہ سبھا میں وقفۂ سوال کے دوران ضمنی سوالات کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت، حادثات کی اصل وجہ معلوم کرنے کیلئے کام کر رہی ہے اور اُن سے نمٹنے کیلئے منظم اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ٹرین کے حادثات کو روکنے کیلئے بھارت میں ہی تیار کیے گئے آٹومیٹک ٹرین پروٹیکشن، Kavach ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ ٹرینوں کے ٹکراؤ کو روکا جاسکے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ ملک میں روزانہ 25ہزار ٹرینیں چلائی جاتی ہیں اور 80فیصد ٹرینیں اپنے وقت پر چلتی ہیں، جو اہم سنگ میل ہے۔ x

**RBI Repo Rate**

بھارتیہ ریزرو بینک RBI نے آج اقتصادی ترقی کو مزید مستحکم بنانے کے مقصد سے شرح سود میں اعشاریہ دو پانچ فیصد کی کمی کرکے اِسے پانچ اعشاریہ دو پانچ فیصد کردیا ہے۔ RBI کے گورنر سنجے ملہوترا نے اِس فیصلے کا اعلان رواں مالی سال کی پانچویں، 2ماہ میں ایک بار تشکیل دی جانے والی مالی پالیسی کے تحت کیا۔

**S/B 1400 RBI Repo Rate**

امید ہے کہ اِس سے مختلف میدانوں میں پیش رفت ہوگی جن میں ہاؤسنگ، آٹو اور تجارتی قرضے سستے ہوجائیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارتی معیشت میں 8اعشاریہ 2فیصد کی شرح ترقی ہوئی ہے جو امید سے زیادہ ہے۔

**S/B 1400 RBI Growth**

**Indigo Flights Cancelled**

دلّی ہوائی اڈّے سے روانہ ہونے والی IndiGo گھریلو پروازیں آج آدھی رات تک منسوخ کردی گئی ہیں۔ دلّی ہوائی اڈّے نے ایک ایڈوائیزری میں بتایا ہے کہ دیگر سبھی ہوائی کمپنیوں کیلئے پروازیں، پروگرام کے مطابق چلائی جائیں گی۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ وہاں موجود ٹیمیں، رکاوٹ کو دور کرنے اور مسافروں کی سہولت کی خاطر سرگرمی سے اور مستقل طور پر کام کر رہی ہیں۔ ہوائی اڈّے کے حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ پروازوں کی تازہ جانکاری حاصل کرنے کیلئے سرکاری ویب سائٹ www.newdelhiairport.in پر نظر رکھیں۔

x

**Hocky Men's Junior World Cup**

چنئی کے ایگمور میں مردوں کے FIH ہاکی جونیئر ورلڈ کپ 2025 کے کوارٹر فائنل میں بھارت آج روایتی حریف بیلجیئم کا سامنا کرے گا۔ ہاکی کوچ PR Sreejesh کی ٹیم نے راؤنڈ روبن مرحلے میں، اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ انہوں نے Chile کو سات–صفر، Oman کو سترہ–صفر اور سوئٹزرلینڈ کو پانچ–صفر سے ہرایا۔ لیکن بیلجیئم کے خلاف اُن کا اصل امتحان ہوگا۔ x

**IMD Weather**

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج پنجاب، ہریانہ، مشرقی راجستھان اور جھارکھنڈ میں شدید سرد لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ہماچل پردیش اور اڈیشہ میں دو روز تک گھنا کُہرا چھائے رہنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی اسی طرح کی صورتحال کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں آج گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆